# خبر نامہ

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

جنوری-اگست 2024




جامعات صحیح معنوں میں تحقیق اور جدید تعلیم سے پہچانی جاتی ہیں۔ جدید تحقیق اور تخلیق ہی جامعات کے ماتھے کا جھومر ہوتا ہے۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اعلی تعلیمی معیار، تحقیق اور وسائل کو بروئے کار لا کر نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کر رہی ہے۔ جامعات پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوئی ہے کہ وہ نسل نو کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر کے بہتر انسان بنانے کے علاوہ انہیں جدید دور کے تقاضوں اور درکار مہارتوں سے بھی ہم آہنگ کریں تاکہ طلبہ جب ڈگری مکمل کر کے عملی زندگی کی جانب بڑھیں تو وہ ان تمام علوم اور مہارتوں سے لیس ہوں کہ جن کو بروئے کار لاتے ہوئے وہ بہتر سے بہترین کا سفر کامیابی سے طے کر سکیں۔ تعلیم کے ساتھ ہمارا گہرا رشتہ ہی ہمیں اور اس وطن کو ایک قابل احترام مقام دلوائے گا۔ ہم نے دنیا کے چیلنجز کا سامنا صرف تعلیمی ترقی سے ہی کرنا ہے کہ وہ ہماری اعلی حیثیت کو پہچانیں۔

پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین
وائس چانسلر



**Times Higher Education**

**THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS**

**1st in Punjab**

**2nd in Pakistan**

**501-600 Worldwide**


**Prof. Dr. Nasir Amin**
Patron in Chief
Vice Chancellor

**Mr. Zeshan Ahmed Khan**
Chief Editor
Public Relation Officer

**Mr. Rizwan Ahmad**
Editor
Protocol Officer

**Mr. Hassan Mahmood**
Designing and Composing
IT Manager

شعبہ تعلقاتِ عامہ
گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

## ہائر ایجوکیشن کی معائنہ ٹیم کا جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے وفد کو یونیورسٹی کی رینکنگ، جاری پراجیکٹس، تعمیراتی کام، جدید سہولیات سے آراستہ لیبارٹریز، کمپیوٹر لیب کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈین پروفیسر ڈاکٹر فرحت جبین، چیئرمین فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر عمیر ارشد باجوہ، چیئرپرسن ہیومین نیوٹریشن پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء بھی کونسل کے وفد کے ہمراہ تھیں۔ نیشنل ایگری کلچر ایجوکیشن کی ایکریڈیشن کونسل کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر فیاض ساہی ان کے وفد کا کہنا تھا کہ نیشنل ایکریڈیشن کونسل کا قیام کا بنیادی مقصد ملک میں پیشہ ورانہ تربیت کے معیار کو جانچنا ہے، زرعی تعلیم اور غذائیت کی کوالٹی ملکی ترقی کے لیئے ناگزیر ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ ہماری یونیورسٹی تعلیم کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کرتی، اس کے لئے اساتذہ کو تربیتی ورکشاپس اور کورسز بھی کرائے جاتے ہیں۔ یونیورسٹی میں سیمینارز اور انٹرنیشنل کانفرنسز کا انعقاد باقاعدگی سے کیا جارہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کونسل کا دورہ خوش آئند ہے ہم ان کے اقدامات کی روشنی میں اپنے معیار تعلیم کو مزید اونچا کریں گے۔ یونیورسٹی میں طالبات کو تمام تر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، تاکہ طالبات ریسرچ اور کورس ورک کو بہتر انداز میں مکمل کرکے دوسروں کے لئے نمونہ بنیں۔ کونسل نے کوالٹی انہاسمنٹ سیل اور اورک کی کارکردگی کو خوب سراہا۔



## جی سی یونیورسٹی اور پنجاب آرٹس کونسل فیصل آباد کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹ آفیئرز کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور پنجاب آرٹس کونسل فیصل آباد کے مابین ادب وثقافت کے فروغ میں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کے لئے معاہدہ طے پاگیا۔ اس سلسلے میں مفاہمتی یاداشت پر دستخط کی تقریب وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی آفس کے کمیٹی روم میں منعقدہ ہوئی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، ڈویژنل ڈائریکٹر فیصل آباد آرٹس کونسل محمد ابرار عالم، ڈائریکٹر سٹوڈنٹ آفیئرز پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر کاشف جاوید کے علاوہ سوسائٹیز کے صدور نے شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ناصر امین نے اس موقع پر کہا کہ فنون لطیفہ کے تمام شعبوں کی ترویج وترقی پائیدار اور خوبصورت معاشرہ کی ضامن ہے۔ اس سلسلے میں فیصل آباد آرٹس کونسل کے ساتھ مختلف سوسائٹیز کے تعاون کو بڑھائیں گے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر فیصل آباد آرٹس کونسل ابرار عالم نے کہا کہ باہمی اشتراک سے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو مثبت ثقافتی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد آرٹس کونسل نے ایک نیا قدم اٹھایا ہے جس کے مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سٹوڈنٹ آفیئرز پروفیسر بابک محمود کا کہنا تھا کہ یہ آغاز ہمارے مقاصد کی تکمیل میں بے حد معاون ثابت ہو گا جس سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع ملے گا۔ مفاہمتی یاداشت پر دستخط کرکے دونوں اداروں نے ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے اور موسیقی وفنون لطیفہ کے شعبوں میں عصری تقاضوں کے مطابق تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔





## وزیر اعظم ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت ٹیبل ٹینس سپورٹس لیگ کا افتتاح




ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جاوید الحسن چشتی اور وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے وزیر اعظم یوتھ پروگرام ٹیلنٹ ہنٹ کے تحت ٹیبل ٹینس یوتھ سپورٹس لیگ کا افتتاح کر دیا۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے مین کیمپس میں منعقدہ ہوئی۔ افتتاحی تقریب میں ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی لاہور اور آرگنائزنگ سیکرٹری ویمن ٹیبل ٹینس پنجاب محمد وسیم، ارشد ستار ڈائریکٹر سپورٹس یو سی پی، ڈائریکٹر سپورٹس یونیورسٹی آف اینمل اینڈ ویٹرنری سائنسز لاہور رانا محمد امجد، یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز، شعبہ جات کے صدور سمیت سپورٹس سے وابستہ شخصیات، کھلاڑیوں اور شائقین نے شرکت کی۔ ٹیبل ٹینس ٹیلنٹ ہنٹ سپورٹس لیگ میں پنجاب کے پانچ ریجن کی بوائز کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ جن میں سرگودھا، لاہور، راولپنڈی ،فیصل آباد اور بہاولپور شامل ہیں۔ لیگ 22 جنوری تک جاری رہے گی۔ فائنل جیتنے والی ٹیمیں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے ملک کی بین الاقوامی سطح پر نمائندگی کر سکیں گے۔ مہمان خصوصی نے ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کی کھیلوں کے حوالے سے خدمات کو سراہا اور پاکستانی نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے پر انہیں بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جاوید الحسن چشتی نے کہا کہ وزیر اعظم یوتھ پروگرام اپنی مثال آپ ہے، ٹیبل ٹینس یوتھ لیگ سے حقیقی ٹیلنٹ سامنے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ صلاحیتوں کے اعتبار سے ہمارے نوجوان کسی سے کم نہیں ہیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ ٹیلنٹ ہنٹ کا مقصد کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو ابھار کر دنیا کے سامنے لانا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے کھیلوں کی دنیا میں بڑے بڑے نام پیدا کیے ہیں، ہم نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعے مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کر رہے ہیں۔ ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ذیشان احمد خان نے مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا، اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ ان گیمز میں میرٹ کی بنیاد پر کھلاڑیوں کے انتخاب کو یقینی بنایا جائے گا کیونکہ میرٹ پر انتخاب ہی سے قومی اور بین الاقوامی سطح پر میڈلز جیتنے کے مواقع مل سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ایونٹس سے نوجوانوں کو اپنا مستقبل نظر آتا ہے۔ ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان ڈاکٹر مختار احمد اور ڈائریکٹر سپورٹس ایچ ای سی جاوید میمن کی طرف سے وزیر اعظم ٹیلنٹ ہنٹ ٹیبل ٹینس پروگرام کی میزبانی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کو سونپے جانے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## پرائم منسٹر نیشنل ٹیلنٹ ہنٹ ٹیبل ٹینس لیگ پنجاب نے جیت لی




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس نے کھیلوں کی دنیا میں قومی سطح پر کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ پنجاب کی طرف سے ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ذیشان احمد خان نے بطور مینیجر ٹیم کی قیادت کی۔ مردوں کی پنجاب اے کی ٹیم نے خیبر پختونخوا اے کی ٹیم کو 1-3 کے مقابلے میں شکست دی۔ چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے ان کے ہمراہ پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل شاہد سلام نے انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کی طرف سے ٹیم کی بھرپور حوصلہ افزائی کی گئی۔ کھیل کے میدان میں پاکستان بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ٹیم مینیجر ذیشان احمد خان، ٹیم کوچز سمیت کھلاڑیوں کو پنجاب بھر سے بھرپور مبارکباد کے پیغامات۔ یونیورسٹیز میں کھیلوں کا انعقاد کروانے پر وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان ڈاکٹر مختار احمد، ڈائریکٹر سپورٹس جاوید میمن کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے پنجاب کی ٹیم کے کھلاڑیوں اور ٹیم مینیجر کی خدمات کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدام نوجوان ٹیلنٹ کو پروان چڑھانے اور پاکستان میں شاندار ثقافت کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اور پنجاب کے ٹیم مینیجر ذیشان احمد خان نے کہا کہ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ذریعے پاکستان بھر سے میرٹ کی بنیاد پر بہترین کھلاڑیوں کی سلیکشن سے وزیر اعظم کا وژن بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرنے کے لیے باصلاحیت نوجوان کھلاڑیوں کی شناخت اور انہیں تیار کرنا ہے۔

## جی سی یونیورسٹی، فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے غزہ مارچ




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں فلسطین کے مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم اور اسرائیلی بربریت کے خلاف اور فلسطین کے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لیے غزہ مارچ کیا گیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹ آفیئرز کے زیر اہتمام منعقدہ غزہ مارچ میں ڈائریکٹر سٹوڈنٹ آفیئرز پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود، ڈائریکٹر انڈر گریجویٹ پروفیسر ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، ڈاکٹر محمد عامر منج، چیئرمین شعبہ قانون ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ ڈاکٹر یاسر عرفات کے علاوہ یونیورسٹی کے طلباء وطالبات، فیکلٹی ممبران، شعبہ جات کے صدور نے شرکت کی۔ پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود کا خطاب میں کہنا تھا کہ اقوام متحدہ سمیت پوری دنیا کو فوری جنگ بندی کروانی چاہیئے، اسرائیل جس طرح نہتے مظلوم فلسطینیوں پر بارود برسا رہا ہے اس سے ہسپتال بھی محفوظ نہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستانی عوام پورے جوش وجذبے کے ساتھ فلسطینیوں عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ ڈاکٹر یاسر عرفات نے ریلی کے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ غزہ میں انسانی المیہ پیدا ہو گیا، مسلمانوں کی نسل کشی کی جارہی ہے، اسرائیل فلسطینی بچوں اور خواتین کو نشانہ بنانا بند کرے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آج کا احتجاج فلسطینیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور مسلم حکمرانوں کو غیرت دلانے کے لیے ہے۔


## امریکی قونصلیٹ کے وفد کی جی سی یونیورسٹی آمد، وائس چانسلر سے ملاقات

امریکی قونصلیٹ سے ڈاکٹر سنتھیا نکولز ریجنل پبلک انگیجمنٹ سپیشلسٹ نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ یونیورسٹی اور امریکی سفارتخانہ کے اشتراک سے جامعہ میں قائم کردہ لنکن کارنر کے ذریعے باہمی تعاون اور تعلیم کے فروغ کے مشترکہ منصوبوں کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ انچارج لنکن کارنر پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود نے لنکن کارنر کی اب تک کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر وفد کو بریفنگ پیش کی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لنکن کارنر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلباء اور اس علاقے کے نوجوانوں کو سیکھنے اور مستقبل کی ترقی کے لیے جدید وسائل اور مواقع مہیا کرتا ہے۔ وائس چانسلر نے لنکن کارنر کو وسیع پیمانے پر پھیلانے اور فیصل آباد کے نوجوانوں کے لیے مستقبل کے وسیع مواقع پیدا کرنے کا اعادہ بھی کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر سنتھیا نے کہا کہ پاکستان میں لنکن کارنر مختلف پروگراموں کے ذریعے پاکستانیوں اور امریکیوں کے مابین کھلی بات چیت، باہمی افہام و تفہیم، خوشحالی اور عوام سے عوام کے تعلقات کو مستحکم کرنے اور کلچرل ایکسچینج کے لیے ایک منظم پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یونیورسٹی میں وسیع پیمانے پر اعلیٰ پیشہ وارانہ تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، طلباو طالبات کی صلاحیتوں سے بے حد متاثر ہوئے ہیں۔





## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں انجینئرنگ کے طلباء میں چیک تقسیم




پاکستان انجینئرنگ کونسل کے تعاون سے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں طلباء کے فائنل ڈیزائن پروجیکٹس کے حوالے سے چیک تقسیم کیے گئے۔ فیصل آباد کی مختلف یونیورسٹیوں سے 100 سے زائد شرکاء نے تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب میں وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے پاکستان کو درپیش چیلنجز ان کا حل، معیشت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور زراعت میں انجینئرنگ ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے طلباء پر زور دیا کہ وہ جدید دور کے مطابق خود کو تیار کریں۔ اس موقع پر پاکستان انجینئرنگ کونسل کے کنوینز انجینئر میر مسعود رشید نے انجینئرنگ کونسل کے اقدامات کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا۔ انہوں نے یونیورسٹیوں کے درمیان تعاون کو بڑھانے، انجینئرنگ کی تعلیم کے لیے مستقبل کا لائحہ عمل پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کونسل کی طرف سے ای لائبریری کا آغاز طلباء کے لیے آخری سال کے ڈیزائن پروجیکٹ کی رپورٹس تک رسائی فراہم کرے گا۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ پروفیسر ڈاکٹر عبدالروف بھٹی کا کہنا تھا کہ چیک کی تقسیم کی تقریب نے طلباء کے حوصلے بلند کیے ہیں۔ انہوں نے ہنر کو پروان چڑھانے، اختراع کو فروغ دینے اور انجینئرنگ میں عمدگی کو فروغ دینے کے لیے تعلیمی اداروں، صنعت اور حکومت کی باہمی تعاون پر زور دیا۔ تقریب میں مختلف یونیورسٹیز سے آئے فیکلٹی ممبران کو تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔



## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ نظامت امور طلباء کے زیر اہتمام کشمیریوں کے یوم سیاہ کے موقع پر احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا مقصد کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد اور مسئلہ کشمیر کے پر امن اور مستقل حل کی طرف عالمی برادری کی توجہ مبذول کروانا تھا۔ ریلی سے خطاب میں وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ وادی کشمیر میں مسلمانوں کا بہتا لہو امت مسلمہ کا ضمیر جھنجوڑ رہا ہے، بھارت کے جارحانہ تسلط سے کشمیریوں کو نجات دلانے کے لیے امت مسلمہ کو عملی کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈائریکٹر نظامت امور طلباء پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود نے کشمیریوں کے حق میں قرارداد پیش کی، ان کا کہنا تھا کہ احتجاجی ریلی کا مقصد اپنے کشمیری بھائیوں کو یہ پیغام دینا ہے کہ وہ آزادی کی جدوجہد میں تنہا نہیں ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت مسئلہ کشمیر حل کرنے میں مثبت کردار ادا کریں۔




## پاکستان سپورٹس بورڈ کے وفد کی جی سی یونیورسٹی آمد، وائس چانسلر سے ملاقات



ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل پاکستان سپورٹس بورڈ شاہد اسلام نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، دوران ملاقات یونیورسٹی میں غیر نصابی سرگرمیوں اور بالخصوص کھیلوں کے فروغ کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں مستقبل قریب میں پاکستان سپورٹس بورڈ کے تعاون سے یونیورسٹی میں کھیلوں کے انعقاد اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تقریبات کا انعقاد کرنے کا ارادہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے کہا کہ کھیل کود میں حصہ لینا ذہنی و جسمانی نشوونما کے لئے ناگزیر ہے کیونکہ اس سے طلبہ میں مسابقت کا جذبہ فروغ پاتا ہے جو نہ صرف انسانی صحت پر مثبت اثرات چھوڑتا ہے بلکہ ذہنی، فکری نشوونما کے ساتھ ساتھ شخصی کردار کو فعال کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر فیصل آباد نے بے شمار قومی کھلاڑی پیدا کیے ہیں جنہوں نے نہ صرف قومی بلکہ عالمی سطح پر بھی ملک کا نام روشن کیا ہے۔ ملاقات میں جی سی یونیورسٹی کے ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے کھیلوں کی سرگرمیوں اور سپورٹس کے حوالے سے کیے گئے حالیہ اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کھیلوں کے میدان آباد کیے جا رہے ہیں، یونیورسٹی میں عالمی طرز پر سپورٹس کمپلیکس بنایا گیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جی سی یونیورسٹی میں کھیلوں کے فروغ کے لیے اور نئے نوجوان میں نئے ٹیلنٹ کو ابھارنے کے لیے انٹرنیشنل ہینڈ بال چیمپئن شپ، وزیر اعظم ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت فٹ بال، ٹیبل اور بیڈ منٹن کے مقابلہ جات کروائے گئے۔

## جی سی یونیورسٹی میں تحفظ ناموس رسالت سیمینار اور ریلی کا انعقاد




ناموس رسالت کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے، مغربی ممالک اور میڈیا کی جانب سے نبی کریم کی تصاویر اور خاکے جاری کرنا دہشتگردی ہے اور وہ اسلام کیخلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان ڈاکٹر مختار احمد نے پاکستان بھر کی جامعات میں منعقدہ تحفظ ناموس رسالت سیمینار سے آن لائن خطاب میں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ناموس رسالت کے تحفظ کے لیے جامعات کو کردار ادا کرنا ہو گا، طلباء کے دلوں میں نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور محبت کو پروان چڑھانا ہو گا۔ اس موقع پر وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے خطاب میں کہا کہ تمام مسلمانوں کو اسلام اور عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے جذبہ صدیقی سے سرشار ہو کر میدان عمل میں نکلنا ہو گا۔ انہوں نے عالمی طاقتوں سے مطالبہ کیا کہ امن عالم اور تہذیبی تصادم کے خاتمہ کے لیے انبیاء کرام اور برگزیدہ ہستیوں کے احترام اور تعظیم کا قانون بنایا جائے۔ ڈائریکٹر نظامت امور طلباء پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود نے ریلی کے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اسکالرز کا وفد بیرون ملک دورے پر بھیجیں جو بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے سرگرم عمل ہو کر رہنماؤں سے ڈائیلاگ کریں۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت (ص) کے لئے جدوجہد کرنے والے عظیم اور صاحب کردار لوگ ہیں اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

## جی سی یونیورسٹی، انٹر فیکلٹی کرکٹ چیمپئن شپ کی ٹیموں میں انعامات تقسیم

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام انٹر فیکلٹی اقبال کرکٹ چیمپئن شپ کا انعقاد کروایا گیا، جس میں یونیورسٹی کی تمام فیکلٹیز، انتظامی شعبہ جات اور ملازمین کی ٹیموں کے مابین میچ کھیلے گئے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کو یونیورسٹی میں کھیلوں کے فروغ کے حوالے سے فیکلٹی کے درمیان کرکٹ کے میچ کروانے پر بھرپور سراہا۔ فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز نے انٹر فیکلٹی چیمپئن شپ میں پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی دوسرے نمبر پر رہی۔ انتظامی شعبہ جات سے وائس چانسلر اور رجسٹرار الیون کی ٹیم فاتح قرار پائی جبکہ آئی ٹی سروسز کی ٹیم نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے یونیورسٹی ڈینز، رجسٹرار شعبہ جات کے فوکل پرسنز اور ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کے ہمراہ جیتنے والی ٹیموں میں ٹرافیز تقسیم کیں۔ اس موقع پر خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ کھیلوں کا فروغ صحت مند معاشرے کا لازمی جزو ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے لیے تدریسی عمل کے ساتھ ساتھ کھیل کود ذہنی نشوونما کے لیے ضروری ہیں، جس کے ذریعے ان کو تفریح کا ایک موقع میسر آیا ہے۔



## نوجوان ملک کی سماجی اور اقتصادی ترقی کیلئے مثبت کردار ادا کریں۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین




پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کے دفاع کے لیے تعلیمی اداروں اور طلباء وطالبات کو آگے آنا ہوگا۔ تقریب سے خطاب فیصل آباد ( ) وزارت منصوبہ بندی اور ترقی اور ینگ پیس اینڈ ڈویلپمنٹ کورپس جی سی کی جانب سے دوسرا پالیسی میکنگ مقابلہ منعقد کیا گیا۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کی خصوصی شرکت، ڈائریکٹر سٹوڈنٹ آفیئرز پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود (YPDC) یونیورسٹی فیصل آباد اور محمد شعیب بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وائس چانسلر نے خطاب میں ملک و قوم کا بہترین سرمایہ تعلیم یافتہ، ہنرمند اور مہذب نوجوانوں کو قرار دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کے لیے امن اور استحکام ناگزیر ہے، کیونکہ ترقی اور خوشحالی امن اور ہم آہنگی پر منحصر ہے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں اور نوجوانوں کے درمیان مثبت سرگرمیوں کو اجاگر کرنے اور آپس کے رابطے بحال کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سٹوڈنٹس آفیئرز پروفیسر ڈاکٹر بابک محمود نے اپنے خطاب میں طلباء طالبات کی محنت اور ان کے وطن کی خدمت کے جذبے کو سراہا۔ انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ وہ معاشرے میں مثبت تبدیلیاں لانے کیلئے اپنی توانائیاں صرف کریں۔ انہوں نے نوجوانوں کے حوالے سے کہا کہ وہ تشدد کا سہارا لینے کی بجائے برداشت اور صحت مند بحث کے کلچر کو فروغ دیں

## جی سی یونیورسٹی، زبانوں کا عالمی دن، پنجابی جگت ماں بولی دیہاڑ کی مناسبت سے واک

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ پنجابی کے زیر اہتمام مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر جگت ماں بولی دیہاڑ عنوان کے تحت واک کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے زبانوں کے عالمی دن پر شعبہ پنجابی کی "ماں بولی دیہاڑ" واک کی قیادت کی۔ اس موقع پر پرنسپل کالج آف اورینٹل لینگویجز ڈاکٹر رابعہ سرفراز، انچارج شعبہ پنجابی ڈاکٹر فیاض حسین گھیانہ، دیگر شعبہ جات کے صدور اور فیکلٹی ممبران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ یاد رہے 21 فروری دنیا بھر میں زبانوں کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ شعبہ پنجابی کے زیر اہتمام واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے کہا زبانوں کا دن عالمی سطح پر منانے کا مقصد ہر زبان کی بنیادی شناخت کا تحفظ اس کی ترویج واشاعت ہے ان کا کہنا تھا کہ عرصہ دراز سے پنجاب کے باشندوں کی زبان پنجابی ہے، پنجابی زبان کا ادب ایک بھرپور ادب ہے اور ماضی میں پنجابی مصنفین اور شعراء نے اپنی تحریروں سے معاشرے کی اخلاقی تربیت کرنے کے ساتھ ساتھ مذہبی اور معاشرتی اقدار کو فروغ دیا ہے۔ اس موقع پر شعبہ پنجابی کے انچارج ڈاکٹر فیاض حسین گھیانہ کا کہنا تھا کہ موجودہ دور میں بحیثیت مجموعی پنجاب کے سب باشندوں اور بالخصوص تعلیمی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ اپنی مادری زبان کے تحفظ اور شناخت میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔



## جی سی یونیورسٹی، نئے ڈائے کیئر سنٹر کا افتتاح کر دیا گیا

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں نئے ڈائے کیئر سنٹر کا افتتاح وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے کیا۔ بچوں کی پرورش اور کھیل کود سے متعلقہ جدید سہولیات سے آراستہ ڈائے کیئر سنٹر فیکلٹی اور یونیورسٹی ملازمین اور ان کے بچوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ اس وقت یونیورسٹی میں خواتین اساتذہ کی کثیر تعداد موجود ہے اور ان کے چھوٹے بچوں کے لیے یونیورسٹی میں ڈائے کیئر سینٹر کی تعمیر ناگزیر تھی، اس لیے یونیورسٹی کے فنڈ سے اس سینٹر کو تعمیر کیا گیا، تاکہ اساتذہ اور سٹاف ممبران کو سہولت مل سکے۔ اس موقع پر ڈائے کیئر سنٹر کی انچارج ڈاکٹر فوزیہ نسیم کا کہنا تھا کہ یہ سہولت فیکلٹی ممبران اور ملازمت پیشہ خواتین کی ملازمت کو زیادہ کار آمد بنانے، پریشانیوں سے بچانے، معاشی تحفظ دینے، ذاتی اطمینان اور تکمیل کا احساس دلانے کے لیے میسر کی گئی ہے۔ فوکل پرسن پروفیسر ڈاکٹر زاہرہ بتول نے ڈے کیئر سینٹر میں موجود سہولیات کی متعلق وائس چانسلر کو بریفنگ دی۔





## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد، دوروزہ کتاب میلہ کا انعقاد

تعلیمی اداروں میں ایسے کتاب میلے منعقد ہوتے رہنے چاہئیں تاکہ طالب علموں اور اساتذہ اکرام کو ایک ہی چھت تلے تمام کتابیں رعایتی قیمت پر میسر آسکیں اور نئی نسل میں کتاب کی اہمیت، علم کے فروغ، کتاب دوستی میں اضافے کا رجحان بڑے۔ ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے نیو کیمپس میں منعقدہ دوروزہ کتاب میلے کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کتاب میلہ کا مقصد طلباء وطالبات میں کتابوں سے نالج سیکھنے کی اہمیت کو اُجاگر کرنا اور کتب بینی کو فروغ دینا ہے۔ وائس چانسلر نے کنوینئر لائبریری کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر کلیم خان کھوسہ، سینئر لائبریرین طارق لطیف، سخاوت علی اور محمد اشفاق کی میلے کے انعقاد کے حوالے سے کوششوں کو سراہا۔ کتاب میلے میں قومی و بین الاقوامی پبلشرز سمیت ہزاروں طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ جی سی یونیورسٹی میں منعقدہ کتاب میلے میں مذہب، تاریخ، فلسفہ، سائنس، سیاست، نفسیات، شاعری، مزاح، آپ بیتیاں، سوانح، سفرنامہ، صحت، تعلیم، تہذیب، ثقافت، فن اور تحقیق پر مبنی کتب کے اسٹالز لگائے گئے ہیں۔





## جی سی یونیورسٹی، پائیدار مستقبل کے لیے نینو ٹیکنالوجی اور مائیکروبیالوجی کے کردار پر عالمی سیمپوزیم




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے انسٹیٹیوٹ آف مائیکروبیالوجی کے زیرِ اہتمام پائیدار مستقبل کے لیے نینو ٹیکنالوجی اور مائیکروبیالوجی کے کردار کے عنوان سے دوروزہ انٹرنیشنل سیمپوزیم کا انعقاد ہوا۔ سیمپوزیم میں وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ظفر علی چوہدری، یونیورسٹی ڈینز، کے علاوہ ڈائیریکٹر انسٹیٹیوٹ آف مائیکروبیالوجی پروفیسر ڈاکٹر ہدایت رسول نے پائیدار مستقبل میں نینو ٹیکنالوجی اور مائیکروبیالوجی کے کردار اور استعمالات کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ میں جی سی یونیورسٹی میں بین الاقوامی سطح کی تحقیق اور تعلیم کو فروغ دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لاؤں۔ فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظفر علی چوہدری نے نینو ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے کہا کہ اس ٹیکنالوجی کے ذریعے توانائی کی کھپت کی استعداد کار بڑھانے، ماحول کو صاف کرنے اور صحت کے بڑے مسائل کو حل کرنے، بائیو میڈیکل جیسے شعبہ میں بے شمار فوائد حاصل ہوئے ہیں۔

## جی سی یونیورسٹی میں دوروزہ سالانہ اتھلیٹکس میٹ کا آغاز




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام دوروزہ سالانہ اتھلیٹکس میٹ کا آعاز ہو گیا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے مشعل روشن کر کے اتھلیٹکس میٹ کا افتتاح کیا۔ اتھلیٹک میٹ میں 800 میٹر ریس، 400 میٹر اور 100 میٹر ریس، لانگ جمپ، جیولن تھرو، ڈسک تھرو کے مقابلہ جات کروائے جارہے ہیں۔ اتھلیٹکس میٹ میں کھلاڑیوں نے اپنے شعبہ جات کی نمائندگی کرتے ہوئے مارچ پاسٹ کا بہترین مظاہرہ پیش کیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کی اتھلیٹکس میٹ کے انعقاد اور کھیلوں کے فروغ کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ معاشرے کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنے کھیلوں کے میدان زیادہ سے زیادہ آباد کریں جہاں ہماری جامعہ کے بچے تعلیمی میدان میں اپنے تعلیمی ادارے کا نام روشن کرتے ہیں وہاں تفریح بھی ان کا حق ہے اور ہماری جامعہ اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس بار بھی 22 ویں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کو بھرپور انداز میں منا رہی ہے۔ وائس چانسلر نے ریس جیتنے والے کھلاڑیوں میں گولڈ میڈل تقسیم کیے اور ان کے حوصلے کی داد دی۔ اس موقع پر یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز، شعبہ جات کے صدور کے علاوہ طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## جی سی یونیورسٹی، توانائی اور سینسنگ میٹریل پر تین روزہ بین الاقوامی کا آغاز




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ فزکس کے زیر اہتمام تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس برائے برائے توانائی اور سینسنگ مٹیریل کا اغاز ہو گیا ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے فنڈڈ پروجیکٹ ایل سی ایف کے تحت ڈاکٹر اعجاز احمد خان کی زیر نگرانی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل اباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے کی۔ کانفرنس میں نیسٹ یونیورسٹی سے پروفیسر ڈاکٹر سیف اللہ اعوان، پروفیسر ڈاکٹر عثمان ہاشمی جبکہ بین الاقوامی یونیورسٹی سے ڈاکٹر راج دیپ سنگھ راوت، ڈاکٹر لجن پان، پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد، ڈاکٹر آصف اقبال، کے علاوہ سائنسدانوں اور محققین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کانفرنس سے خطاب میں وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ پاکستان کی جغرافیائی لوکیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے شمسی توانائی اور پن بجلی کے منصوبوں پر عمل درآمد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کانفرنس کہ شرکاء کو شعبہ فزکس کی تعلیمی اور تحقیقی کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا۔ وائس چانسلر نے کانفرنس کے شاندار انعقاد پر ڈاکٹر اعجاز احمد کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

## جی سی یونیورسٹی، جائیداد میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے آگاہی سیمینار




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ تاریخ کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر مظہر عباس گوندل کے این آر پی یو ریسرچ پروجیکٹ کے حوالے سے پنجاب میں خواتین کو جائیداد میں حاصل حقوق اور اس حوالے سے رائج قوانین کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کے لیے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں شازیہ جارج سابق ممبر پنجاب کمیشن، نازیہ سردار ممبر نیشنل لابنگ ڈیلیگیشن کے علاوہ یونیورسٹی فیکلٹی ممبران، شعبہ جات کے صدور نے شرکت کی۔ اس موقع پر شازیہ جارج کا کہنا تھا کہ خواتین کو وراثتی حقوق کے متعلق قانون پر عملدرآمد کیلئے معاشرتی اقدار کو بدلنا ہو گا اور اس حوالہ سے قانون نافذ کرنے والے ادارے اور ذرائع ابلاغ اپنا کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر مظہر عباس گوندل نے شرکاء سے خطاب میں واضع کیا کہ اگر خواتین کو جائیداد میں سے حصہ نہیں دیا جاتا تو اس کے لیے پاکستان پینل کوڈ 1860 کے سیکشن 498اے کے تحت سزائیں ہیں جن میں پانچ سے دس سال تک کی قید ہو سکتی ہے یا دس لاکھ جرمانہ یا دونوں ہو سکتی ہیں۔ سیمینار سے خطاب میں شعبہ تاریخ کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر رضوان اللہ کوکب نے کہا کہ اہم عصری تقاضا ہے کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے خواتین کو معاشرے میں ملازمت کرنے کے برابر مواقع فراہم کئے جائیں۔ سیمینار سے خطاب میں مقررین کا کہنا تھا کہ اسلام نے 1400 سال پہلے خواتین کو ان کے حقوق دیے اور ان کے جائز مقام کا تعین کر دیا، پاکستان میں اس حوالہ سے قانون سازی خواتین کو بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

# گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں گیارویں کانووکیشن کی تقریب

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے نیو کیمپس میں گیارویں کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کے ہمراہ یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز اور پرنسپل آفیسرز شریک تھے۔ تقریب میں پی ایچ ڈی ڈگری ہولڈرز، ایم فل، ایسوسی ایٹ ڈگری، ماسٹرز ڈگری، ایل ایل بی اور بی ایس آنرز کے مختلف سیشنز کے 87356 طلباء وطالبات کو ڈگریز تفویض کی گئیں۔ تعلیمی میدان میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے پر 178 طلباء وطالبات کو گولڈ میڈلز، براؤن میڈل حاصل کرنے والے 228 جبکہ 226 طلباء وطالبات کو سلور میڈلز سے نوازا گیا۔ کنٹرولر امتحانات راجہ شاہد جاوید، رجسٹرار محمد آصف لطیف اور ڈپٹی رجسٹرار ذیشان احمد خان نے کانووکیشن کی کاروائی کو آگے بڑھایا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے طلباء وطالبات کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی ان کا کہنا تھا کہ یقیناً آج کا دن طلبہ کے لئے باعثِ مسرت اور کامیابیوں سے بھرپور ہے، انہوں نے امید کا اظہار کیا کہ ڈگری حاصل کرنے والے طلبہ اپنے منفرد تحقیقی ذہن کے ذریعے ادارے، اساتذہ اور ڈگری کے وقار میں اضافہ کریں گے۔ اور طلباء کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے اس موقع پر گورنر پنجاب کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور یونیورسٹی کی گزشتہ برسوں میں حاصل کردہ کامیابیوں اور ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں جدید تحقیق و تدریس کی طرف بھرپور توجہ دی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹائمز ہائر ایجوکیشن ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پنجاب میں پہلے نمبر پر جبکہ پاکستان بھر تیسرے نمبر پر موجود ہے۔ کانووکیشن میں سینڈیکیٹ ممبران، مختلف یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران نے بھی شرکت کی۔















## جی سی یونیورسٹی، عوامی شکایات کے حوالے سے صوبائی محتسب کے کردار پر سیمینار




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ تعلقات عامہ کے زیر اہتمام عوامی شکایات کے حوالے سے صوبائی محتسب کے کردار پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین، ڈاکٹر طارق سردار مشیر محتسب پنجاب، سید مبشر حسین شاہ مشیر محتسب پنجاب، ذیشان احمد خان پبلک ریلیشن آفیسر نے طلباء وطالبات سے صوبائی محتسب کے کردار اور کام کرنے کے طریقہ کار کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ سیمینار کے انعقاد کا مقصد عوام سمیت طلباء وطالبات کو آگاہی دینا ہے، سرکاری محکمے انکی کم علمی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں انکے بنیادی حقوق سے محروم کردیتے ہیں تاخیری حربے، بدانتظامی، رشوت ستانی اور اختیارات کا ناجائز استعمال جیسی شکایات عام ہیں دفتر محتسب پنجاب کے ادارہ کے ذریعے متاثرہ افراد کو فوری اور بلا معاوضہ انصاف میسر آرہا ہے۔ صوبائی محتسب کے مشیران نے خطاب میں کہا کہ ادارے کو جدید تقاضوں میں ہم آہنگ کرنے، ادارے کو ڈیجیٹلائز، تارکین وطن کی شکایات کے حل کیلئے ای کمپلینٹ میکانزم اور موبائل ایپلی کیشنز متعارف کروادی گئی ہیں، عوام گھر بیٹھے آن لائن طریقے سے درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ دفتر محتسب کی کارکردگی اور طریقہ کار کے حوالہ سے پمفلٹس تقسیم کئے گئے۔ اس موقع وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ افسر شاہی اور سرکاری اہلکاروں کی طرف سے اختیارات کے ناجائز استعمال، سرکاری اداروں میں بدانتظامی، تاخیری حربوں اور بدعنوانی سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے حوالے سے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

## خواتین کی پیشہ وارانہ ترقی اور صنفی بنیاد پر ہونے والے تشدد کے حوالے سے آگاہی سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کے زیر اہتمام خواتین کی پیشہ وارانہ ترقی اور صنفی بنیاد پر ہونے والے تشدد کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد کامران عادل، چیئرپرسن ڈاکٹر صوفیہ انور، ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کی فوکل پرسن ڈاکٹر زاہرہ بتول، انچارج ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر ڈاکٹر فوزیہ نسیم نے اظہار خیال کیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے اور اُنھیں درپیش مشکلات کے سدباب کے بغیر انسانی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر کامران عادل نے خواتین کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات اور صنفی تشدد کے روک تھام کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی طرف سے خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے قانون سازی کرنا نہایت خوش آئند کارنامہ ہے۔ ڈاکٹر صوفیہ انور نے خواتین کی سماجی، سیاسی، اقتصادی اور تعلیمی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا۔ ڈاکٹر زاہرہ بتول اور ڈاکٹر فوزیہ نسیم نے ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ آزادانہ نقل وحرکت، وراثت اور اظہار رائے پر پابندیاں معاشرے کی نفسیات پر انتہائی منفی اثرات مرتب کرتی ہیں۔






## جی سی یونیورسٹی اور پنجاب پروبیشن اینڈ پیرول سروس کے مابین ایم او یو سائن




ڈیپارٹمنٹ آف سوشیالوجی، ڈیپارٹمنٹ آف اکنامکس اور ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور پنجاب پروبیشن اینڈ پیرول سروس محکمہ داخلہ گورنمنٹ آف پنجاب لاہور کے اشتراک سے پنجاب میں مجرموں کی بحالی کو بہتر بنانے کے لیے باہمی تعاون اور اشتراک کے لیے مفاہمتی یادداشت کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین وائس چانسلر، محمد شاہد اقبال ڈائریکٹر جنرل پنجاب پروبیشن اینڈ پرول سروس، ڈاکٹر صوفیہ انور، ڈاکٹر زاہرہ بتول، ڈاکٹر فوزیہ نسیم نے خصوصی شرکت کی۔ اس مفاہمتی یادداشت کا مقصد جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اور پنجاب پروبیشن اینڈ پیرول سروس کے درمیان تحقیق، تشخیص، تعلیم اور تربیت کے شعبوں میں تعاون اور اشتراک کی راہیں تلاش کرنا ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایسے لوگ جو ہمارے معاشرے میں کسی بھی وجہ سے بے راہ روی کا شکار ہو جاتے ہیں یا کسی جرم میں ملوث ہو جاتے ہیں ان کی اصلاح ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر خطاب میں ڈائریکٹر جنرل پنجاب پروبیشن اینڈ پیرول سروس محمد شاہد اقبال کا کہنا تھا کہ طلباء پنجاب پروبیشن اور پیرول سروس کی سہولیات میں انٹرن شپ کے ذریعے قیمتی تجربہ حاصل کریں گے، جبکہ فیکلٹی اور ریسرچ اسکالرز نئی بحالی کی ترقی کو مطلع کرنے کے لیے تحقیق کریں گے، اس سلسلے میں ہمارا شعبہ مکمل معاونت فراہم کرے گا۔

## جی سی یونیورسٹی میں انٹر لوپ اسکالرشپ کے تحت چیک تقسیم



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں مستحق طلباء وطالبات میں میرٹ کی بنیاد پر انٹر لوپ اسکالرشپس کے چیک تقسیم کیے گئے۔30 طلباء وطالبات کو 3 ملین کے وظائف دیئے گئے ہیں۔ تقریب سے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ اسکالرشپ کا مقصد مستحق اور باصلاحیت طلباء وطالبات کو فعال اور خود کفیل شہری بنانے کے لیے اعلی تعلیم کی راہ میں حائل مشکلات کو دور کرنا اور ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور پیشہ وارانہ زندگی میں کامیابی کے لیے تربیت فراہم کرنا ہے۔ انٹر لوپ لیمیٹڈ کے اسپیشل اسسٹنٹ اعجاز احمد ناصر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ادارہ اسکالرشپ کی مد میں مستحق اور ہونہار طالب علموں کو ہر سطح پر مالی معاونت فراہم کرتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یونیورسٹیز کے ذریعے طلباء کو اسکالرشپ فراہم کرنے کا مقصد قابل اور محنتی طلباء کو اعلی تعلیمی اداروں تک رسائی دینا ہے، تاکہ وہ حصول تعلیم کے بعد ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ اسکالرشپ سے طلباء کی سمسٹر فیس، ہاسٹل فیس اور دیگر جزوی وکلی ضروریات کو پورا کیا جائے گا۔ اس موقع پر انچارج فنانشیل ایڈ آفس صائمہ پروین بھی موجود تھیں۔

## کریمنل لاء اور میڈیا کے کردار کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ ابلاغیات کے زیر اہتمام کریمنل لاء اور میڈیا کے کردار کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار ہوا۔ جس میں خطاب کرتے ہوئے سئنیر سیاستدان رہنما مسلم لیگ نواز شیخ اعجاز کا کہنا تھا کہ آج پاکستان کی سیاسی قیادت کو اپنے نفاق اور آپس کی نفرت کی سیاست سے نکل کر آپس میں مل بیٹھنا ہو گا تاکہ ملکی مسائل کے حل کے لیے ایک اجتماعی سوچ سامنے آسکے۔ میڈیا کے بارے میں مزید بات کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ میڈیا کو سیاستدانوں کے علاوہ معاشرے کے دیگر طبقات پر بھی گہری نظر رکھنی چاہیے۔ چیئرپرسن شعبہ ابلاغیات سلمٰی امبر کا میڈیا کے کردار پر بات کرتے ہوئے کہنا تھا کہ میڈیا کا کردار انصاف کی فراہمی میں بہت اہم ہے۔ انصاف کی فراہمی اور ملکی قوانین سے آگاہی کے لیے میڈیا کا کردار وکلا اور عدالت سے کم نہیں ہے۔ انصاف کی راہ میں حائل رکاوٹیں عدلتی اایوانوں تک پہنچانے میں میڈیا کا کرادر بہت اہم ہے۔ سیمینار میں ڈاکٹر اشرف اقبال، ڈاکٹر ارم سلطانہ، ڈاکٹر عمران مسلم، ڈاکٹر ثناءہارون سمیت دیگر فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ فیصل آباد کی وکلا قیادت میں سے سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد مرتضٰی حکیم کا کہنا تھا کہ پاکستانی تاریخ میں جمہوریت کے تحفظ اور مضبوطی کے لیے وکلا ہمیشہ پیش پیش رہے ہیں اُنہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں جمہوری حکومت ہو یا مارشل لاء اظہارِ رائے ہمیشہ سے زیر اعتاب رہا ہے۔ سابق سیکرٹری بار فیصل آباد حنیف خان نے طلبہ اور طالبات کو پاکستان میں میڈیا کے قوانین سے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ ہر شہری کو اپنے حقوق و فرائض کے بارے میں آگاہی ہونی چاہیے۔ وکلا کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ بار نوجوان وکلا کی تربیت کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتا۔

## جی سی یونیورسٹی، خواتین کے ملکیتی حقوق بارے قانون پہلوؤں کے حوالے سے آگاہی سیمینار




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں ڈاکٹر مظہر عباس گوندل کے جاری ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے پروجیکٹ نیشنل ریسرچ پروگرام کے تحت خواتین کے جائیداد میں ملکیتی حقوق اور اس کے حوالے سے پاکستانی آئین اور قانونی پہلوؤں کا جائزہ لینے کے حوالے سے آگائی سیمینار کا انعقاد ہوا۔ سیمینار کا بنیادی مقصد خواتین کو جائیداد سے محروم کیے جانے کے خلاف قانونی معاونت فراہم کرنا اور ان کے روایتی کردار، مسائل اور معاشرتی رویوں پر تفصیلی روشنی ڈالنا تھا۔ سیمینار میں فرخندہ فری ایڈوکیٹ، مغیزہ امتیاز ڈائریکٹر ہیومن ریسورس نیٹ ورک نے شرکت کی۔

## جی سی یونیورسٹی، یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ریلی کا انعقاد




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹ افیئرز کے زیر اہتمام یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، ڈائریکٹر سٹوڈنٹ آفیئرز ڈاکٹر بابک محمود، ڈائریکٹر کیئر کونسلنگ اور ایلومینائی آفیئرز ڈاکٹر عبدالقادر مشتاق، لائبریرین سخاوت حسین نے طلباء وطالبات کے ہمراہ شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین نے ریلی ہے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنا بھارت کی خام خیالی ہے کیونکہ کشمیریوں کے ساتھ پاکستان کا جغرافیائی اور بھائی چارے کا گہرا تعلق ہے۔ 5 اگست جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، پاکستان کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کے منطقی انجام تک ان کی بھرپور سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ یاد رہے کہ 5 سال قبل بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں آرٹیکل 35 اے اور 370 کا خاتمہ کرتے ہوئے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے اسے بھارت کا حصہ قرار دے دیا تھا۔

## جی سی یونیورسٹی میں ٹیکسٹائل ڈیزائننگ کی نمائش کا انعقاد



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے طلباء وطالبات کی جانب سے اپنے فائنل تھیسز کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلباء و طالبات سمیت اساتذہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے کالج آف آرٹس اینڈ ڈیزائن میں ٹیکسٹائل ڈیزائننگ کے بی ایس پروگرام کے طلباء وطالبات نے تھیسز میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے خوب جوہر دکھائے۔ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے ٹیکسٹائل نمائش کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ بہترین کام کیلئے ضروری ہے کہ آئیڈیاز بھی بہترین ہوں۔ ٹیکسائل ڈیزائننگ کا یہ کام اس شعبے کے روشن مستقبل کا ضامن بھی ہے اور طلبہ کی اس شعبے میں مہارت اس بات کی نشاندہی بھی کرتی ہے کہ پاکستان کی نئی نسل اس شعبہ کے چیلنجز کا سامنا کرنے کو تیار ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اس نمائش کے انعقاد کا مقصد بھی طلباء وطالبات کو مستقل میں کامیاب بنانے کیلئے بہترین مواقع فراہم کرنا ہے۔ نمائش میں طلباء وطالبات نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے مختلف تہذیبوں اور دور جدید کے تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کئے گئے جدید ملبوسات، جوتوں، صوفہ سیٹ، سمیت دیگر ماڈلز کی نمائش کی، جنہیں دیکھنے کیلئے شہریوں کی بڑی تعداد امڈ آئی۔

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل اباد میں ریسرچ پروڈکٹویٹی ایوارڈ کی تقریب




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل اباد نے ریسرچ پروڈکٹویٹی ایوارڈ کی تقریب (ORIC) آفس آف ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن ڈاکٹر تنویر شہزاد نے ORIC کا انعقاد کیا جس کے مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین تھے۔ تقریب میں ڈائریکٹر ریسرچ کلچر کو پروموٹ کرنے میں ریسرچ پروڈکٹیوٹی ایوارڈ کی اہمیت کو اجاگر کیا اور بتایا کہ اس ایوارڈ کے اجرا کی وجہ سے یونیورسٹی کے ریسرچ پیپرز کی تعداد میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے یونیورسٹی کی رینکنگ میں بہتری آ رہی ہے اور مستقبل میں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور وائس چانسلر سے درخواست کی کہ ریسرچ پیپرز کی طرز پر اگلے سال سے (Patents) پیٹنٹس سکور کارڈ ORIC پر بھی ایوارڈ دیا جائے اور انٹرنل ریسرچ گرانٹ کا اجرا کیا جائے ان اقدامات کی وجہ سے (Patents) پیٹنٹس پروفیسر ڈاکٹر عاصم منشاء نے یونیورسٹی کی رینکنگ میں بہتری QEC کی رینکنگ میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔ اس کے بعد ڈائریکٹر کے بارے میں بتایا اس کے بعد وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے خطاب کرتے ہوئے ریسرچ ایوارڈ حاصل کرنے والے فیکلٹی ممبرز کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ریسرچ پروڈکٹیوٹی ایوارڈ پچھلے سال بھی دیا اور اس سال بھی دے رہے ہیں اور یہ انشاء اللہ جاری و ساری رہے گا انہوں نے فیکلٹی کی محنت کو سراہا تقریب میں 273 فیکلٹی ممبرز کو ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ایوارڈ میں سرٹیفکیٹ اور کیش پرائزیز کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیے گئے۔



## تحریک پاکستان میں طلباء کا کردار کے عنوان پر جی سی یونیورسٹی میں سیمینار




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ پاکستان سٹڈیز کے زیر اہتمام تقریبات بسلسلہ یوم آزادی کے حوالے سے تحریک پاکستان میں طلبہ کے کردار اور اہمیت کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں پاکستان سٹڈیز کے چیئرمین ڈاکٹر عبد القادر مشتاق، ڈائریکٹر پاکستان سٹڈیز سنٹر پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر نعمانہ کرن، بہاؤلدین ذکریا یونیورسٹی سے ڈاکٹر شفیق بھٹی نے تحریک پاکستان کے حوالے سے نوجوان طلباء وطالبات کے کردار پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر ڈاکٹر نعمانہ کرن نے تحریک پاکستان میں متحرک طلباء کی مختلف تنظیموں اور بالخصوص خواتین کالجز کی طالبات کے کردار کو سراہا۔ ڈاکٹر شفیق بھٹی نے تحریک آزادی میں تعلیمی اداروں کے کردار اور جہد وجہد کے بارے میں طلباء کو آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدلقادر مشتاق کا کہنا تھا کہ پاکستان کو آزاد مملکت بنانے میں طلباء اور نوجوانوں نے ہراول دستے کا کردار ادا کیا۔ یونیورسٹی اور کالجز کے علاوہ مدارس اور خانقاہوں کے طلبہ بھی اس تحریک میں شامل تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان طلباء پاکستان کا مستقبل ہیں اور ہماری نئی نسل بہت باصلاحیت ہے، ایسے باصلاحیت نوجوانوں کی موجودگی میں پاکستان کا مستقبل روشن ہے۔

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے بزنس انکیوبیشن سینٹر میں تعبیر آن سائٹ ٹریننگ کا انعقاد




گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے بزنس انکیوبیشن سینٹر نے تعبیر آن سائٹ ٹریننگ کا کامیاب انعقاد کیا۔ جس کا مقصد کاروباری صلاحیتوں اور اسٹریٹجک پلاننگ میں اضافہ کرنا ہے۔ تقریب کی صدارت جی سی یو ایف کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے کی۔ تقریب میں لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز کی ٹیم طبر کے علاوہ بزنس اینکو سنٹر ممبران، یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز نے شرکت کی اور اس اقدام کے مشترکہ جذبے کو اجاگر کیا۔ پہلے سیشن میں انٹرپرینیورشپ کے کردار، اسٹریٹجک منصوبہ بندی، پائیداری اور یونیورسٹی، مقامی کمیونٹی اور قوم پر بزنس انکیوبیشن سینٹر کے مستقبل کے اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر عظمیٰ جمیل اور ڈاکٹر محسن بشیر نے ان اہم موضوعات پر قابل قدر بصیرت فراہم کی۔ دوسرے سیشن نے ایک انٹرایکٹو ماحول کو فروغ دیا جہاں لمز کی ٹیم تعبیر نے جی سی یو ایف کے معززین کے ساتھ مل کر فیکلٹی ممبران اور طلباء کے ساتھ مصروفیت اختیار کی۔ ڈاکٹر عظمیٰ جمیل نے بزنس انکیوبیشن کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور بزنس اینکوبیشن سنٹر میں مکمل انکیوبیشن کے عمل کی تفصیل پیش کی۔ اس کے بعد ڈاکٹر محسن بشیر، ڈاکٹر تنویر اور ڈاکٹر عاطف نے اسٹارٹ اپس کی موجودہ ضروریات اور انٹرپرینیورشپ کے مستقبل کے اثرات پر تبادلہ خیال کیا اور شرکاء کو قابل قدر نقطہ نظر پیش کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے بزنس انکیوبیشن سینٹر کے جوش وخروش اور مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے اسٹارٹ اپس کے لئے یونیورسٹی کی حمایت اور طلباء اور فیکلٹی میں جدت طرازی اور کاروباری جذبے کو فروغ دینے میں اس طرح کے اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب کا اختتام طلباء، فیکلٹی ممبران اور ٹیم تعبیر کے ممبران کو ان کی شرکت اور خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے سرٹیفکیٹ اور شیلڈز پیش کرنے کے ساتھ ہوا۔ اس تقریب میں بزنس انکیوبیشن سینٹر کے منیجر ڈاکٹر محسن بشیر کی مثالی قیادت میں ٹیم بی آئی سی جی سی یو ایف کی لگن اور محنت کو خوبصورتی سے پیش کیا گیا۔

## ارشد ندیم کی جیت پاکستان کی فتح ہے جسے ہمیشہ یادرکھا جائے گا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر امین




پاکستان کے جیولین تھرو کے لیجنڈ ارشد ندیم نے پیرس اولمپکس تاریخ رقم کرتے ہوئے پاکستان کے لئے 40 سال بعد گولڈ میڈل جیت لیا، انہوں نے اولمپکس کی تاریخ کی سب سے بڑی 92.97 میٹر کی تھرو کر کے یہ اعزاز بھی اپنے حاصل کر لیا۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں پاکستان کی جیت کی خوشی میں پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، رجسٹرار غلام غوث، ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان، چیف سیکورٹی آفیسر ڈاکٹر شیراز ملک کے علاوہ یونیورسٹی انتظامیہ، طلباء و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں ارشد ندیم کے جیت کی خوشی میں کیک کاٹا گیا اور طلباء میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ پوری قوم کو جیت مبارک۔ ارشد ندیم نے سبز ہلالی پرچم کو بلند کر کے تاریخ ساز اور ناقابل فراموش کارنامہ سرانجام دیا ہے۔

## جی سی یونیورسٹی میں جشن آزادی ہینڈ بال نمائشی میچ کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام جشن آزادی ہینڈ بال نمائشی میچ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں خواتین اور بوائز کی دو دو ٹیموں نے حصہ لیا۔ میچ کا مقصد آزادی کی خوشی کو جوش وجذبہ سے منانا اور مثبت سرگرمی کے ذریعے تفریح مہیا کرنا تھا۔ میچ کی افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان کے علاوہ یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز اور شعبہ جات کے صدور نے شرکت کی۔ وائس چانسلر نے اس موقع پر نوجوان کھلاڑیوں سے خطاب میں کہا کہ تحریک آزادی میں نوجوان طلباء وطالبات کا کردار معنی خیز تھا، قائداعظم کو یونیورسٹی اور کالجز سے طلباء کی نوجوان قیادت میسر تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج نوجوانوں کے عالمی دن ہے، نوجوان نسل ہی ہمارے ملک کا روشن مستقبل تشکیل دیں گے۔ ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل کھیل سے تب ہی جڑے گی جب کھیل کے گراونڈ آباد ہونگے کھلاڑیوں کے لیے اپنی پرفارمنس کے ذریعے ڈیپارٹمنٹس اور پھر قومی ٹیم میں کھیلنا ایک اعزاز ہوتا ہے۔



## پاکستان کے 77ویں یوم آزادی پر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں پرچم کشائی کی پر وقار تقریب











گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی اور گارڈ آف آنر کی پر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یوم آزادی کی مناسبت سے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے نیو کیمپس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے پرچم کشائی کی، قومی ترانہ پڑھا گیا اور گارڈز کے چوک وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ تقریب میں یونیورسٹی کے ڈینز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران، یونیورسٹی انتظامیہ سمیت طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ یہ وطن ہمارے بزرگوں کی انتھک کوششوں اور عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل ہوا، ہمارے لئے باعثِ فخر ہے کہ ہم تعلیم جیسے مقدس پیشہ سے منسلک ہیں جس کے ذریعے ہم وطن عزیز میں علم کی شمع روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے بزرگوں کی پیروی کرتے ہوئے اس ملک کو آگے لے کر چلنا ہے۔ اس موقع پر تحریک آزادی پاکستان اور وطن عزیز کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی روح کو ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور ملک کی ترقی سربلندی، سلامتی اور کشمیری بھائیوں کی آزادی کے لئے اجتماعی دعا بھی کی گئی۔ تقریب کے آخر میں یوم آزادی کی مناسبت سے کیمپس میں پودے بھی لگائے گئے اور کیک کاٹا گیا۔

## وزیر اعظم ٹیلنٹ ہنٹ، ٹیبل ٹینس سپورٹس لیگ فیصل آباد ریجن نے جیت لی




ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے تعاون سے وزیر اعظم ٹیلنٹ ہنٹ ٹیبل ٹینس سپورٹس لیگ کی اختتامی تقریب میں وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین اور ڈپٹی کمشنر فیصل آباد عبداللہ نئیر شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ٹیبل ٹینس ٹیلنٹ ہنٹ سپورٹس لیگ میں پنجاب کے پانچ ریجن کی بوائز کی ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔ سپورٹس لیگ میں پہلی پوزیشن فیصل آباد ریجن، دوسری پوزیشن لاہور ریجن جبکہ تیسری پوزیشن ملتان / بہاولپور ریجن نے حاصل کی۔ ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ذیشان احمد خان نے چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان ڈاکٹر مختار احمد اور ڈائریکٹر سپورٹس ایچ ای سی جاوید میمن کی طرف سے وزیر اعظم ٹیلنٹ ہنٹ ٹیبل ٹینس پروگرام میں بھرپور معاونت فراہم کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ تمام ٹیموں میں ٹرافی اور کیش پرائز انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبداللہ نئیر شیخ نے کہا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے وزیر اعظم یوتھ پروگرام اپنی مثال آپ ہے، ٹیبل ٹینس یوتھ لیگ سے حقیقی ٹیلنٹ سامنے آئے گا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ ٹیلنٹ ہنٹ کا مقصد کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو ابھار کر دنیا کے سامنے لانا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے کھیلوں کی دنیا میں بڑے بڑے نام پیدا کیے ہیں، ہم نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعے مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کر رہے ہیں۔

## سائبر آباد کا تعارف کے موضوع پر سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں ”سائبر آباد کا تعارف“ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے تعاون سے منعقد ہونے والی اس تقریب کا مقصد سائبر آباد کے تصور اور پاکستان میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور ٹیک اسٹارٹ اپس کے مستقبل پر اس کے اثرات پر روشنی ڈالنا تھا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے کی جبکہ فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ دیگر مقررین میں ڈاکٹر صوفیہ انور، ڈاکٹر ابرار، ڈاکٹر محسن بشیر، ڈاکٹر رضوان شبیر، چودھری اظہر ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی، ایم عثمان اکبر، نوید سرور شامل تھے۔ ایف سی سی آئی کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے سائبر آباد کی ترقی کے لیے فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے اہم کردار کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے ٹیک اسٹارٹ اپس کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ایف سی سی آئی کی جانب سے کیے گئے اقدامات کی تفصیل دی، جیسے انکیوبیشن اسپیس کی پیشکش، نیٹ ورکنگ کے مواقع، اور فنڈنگ تک رسائی۔ انہوں نے خطے میں مہارت اور سرمایہ کاری لانے کے لیے بین الاقوامی ٹیک فرموں کے ساتھ جاری شراکت داری کو بھی اجاگر کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے مستقبل کے ٹیک لیڈروں اور اختراعیوں کی پرورش میں تعلیمی اداروں کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے نصاب کو مارکیٹ کی ضروریات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے یونیورسٹیوں اور صنعت کے درمیان باہمی تعاون کی کوششوں کا خاکہ پیش کیا، جس سے آئی ٹی کے شعبے میں شراکت کے لیے تیار ہنر مند پیشہ ور افراد کی مستقل پائپ لائن کو یقینی بنایا جائے۔ سیمینار کا آغاز سائبر آباد پر ایک تعارفی سیشن کے ساتھ ہوا، جس میں ایک مستقبل کے مرکز کے طور پر اس کے وژن کا خاکہ پیش کیا گیا جو تکنیکی اختراعات اور ڈیجیٹل تبدیلی کو فروغ دینے کے لیے بنایا گیا ہے۔ سائبر آباد کے تصور کو ایک سٹریٹجک اقدام کے طور پر پیش کیا گیا جس کا مقصد پاکستان کو عالمی ڈیجیٹل اکانومی میں سب سے آگے رکھنا ہے۔ مقررین نے سائبر آباد کی جانب سے پیش کردہ فوائد پر روشنی ڈالی، بشمول جدید ترین انفراسٹرکچر، سرمایہ کاری کے مواقع، اور ٹیک انٹرپرینیورز اور اختراع کاروں کے لیے سازگار ماحول۔ یہ جدید تکنیکی حل لانے، غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے، اور روزگار کے ہزاروں مواقع پیدا کرنے کا وعدہ کرتا ہے، اس طرح مقامی معیشت کو فروغ ملے گا۔ پاکستان میں اے آئی اور ٹیک اسٹارٹ اپس کا مستقبل سیمینار نے پاکستان میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور ٹیک اسٹارٹ اپس کے مستقبل کے امکانات پر بھی روشنی ڈالی۔ ماہرین نے اس بات پر تبادلہ خیال کیا کہ سائبر آباد کس طرح ضروری وسائل، رہنمائی، اور ایک باہمی تعاون پر مبنی ماحولیاتی نظام فراہم کر کے ان شعبوں کی ترقی کے لیے ایک اتپریرک کے طور پر کام کر سکتا ہے۔ صحت کی دیکھ بھال، مالیات اور زراعت سمیت مختلف صنعتوں میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس ایپلی کیشنز میں جدت کے امکانات پر زور دیا گیا۔ سیمینار کے ذریعے شرکاء کو سائبر آباد کی صلاحیت کے بارے میں قابل قدر بصیرت فراہم کی اور پاکستان میں تکنیکی ترقی کو فروغ دینے کے لیے اکیڈمی اور صنعت دونوں کے عزم کو تقویت دی۔



## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد، اکیڈمک کونسل کا اٹھائیسواں اجلاس

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی اکیڈمک کونسل کا اٹھائیسواں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں کونسل کے ممبران، شعبہ جات کے چیئرپرسنز، ڈینز اور ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ کونسل نے مختلف تعلیمی، تدریسی و تحقیقی امور کو زیر بحث لاتے ہوئے مدلل اور مفصل نقاط کو اپنی گفتگو کا موضوع بنایا۔ شرکاء نے پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کی کاوشوں کو سراہا جن کی بدولت جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نہ صرف ملکی بلکہ عالمی سطح پر بھی اپنا منفرد مقام حاصل کر پائی ہے۔ اکیڈمک کونسل نے ایڈوانس سٹڈیز ریسرچ بورڈز، شعبہ جات کے بورڈ آف سٹڈیز اور بورڈ آف فیکلٹیز میں پیش کردہ تجاویز کو حتمی شکل دینے کی منظوری بھی دی۔ کونسل کے سامنے نئے تعلیمی سال کے ایڈمیشن کے حوالے سے تجاویز بھی رکھی گئیں جن کو سیر حاصل گفتگو کے بعد منظور کر لیا گیا۔ اکیڈمک کونسل میں مختلف مالی اور انتظامی امور کے حوالے سے کمیٹیوں کی تشکیل اور ان کے ممبران کا انتخاب کیا گیا۔ کونسل نے کالج آف لاء کے لیے پی ایچ ڈی کا پروگرام شروع کرنے کی منظوری بھی دی۔ اجلاس میں مختلف شعبہ جات میں ایم ایس کے پروگرامز اور ڈائریکٹوریٹ آف فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت آئی ٹی، میڈیا اور بزنس کے متعلق مختلف شارٹ کورسز کروانے کی منظور بھی دی گئی۔







## انسٹیٹیوٹ آف آرٹس اینڈ سائنس حافظ آباد کیمپس تصویری جھلکیاں








## انسٹیٹیوٹ آف آرٹس اینڈ سائنس چنیوٹ کیمپس تصویری جھلکیاں

